7871-کیا یہ ممکن ہے کہ جن انسان کو اٹھا کر لے جائے

سوال

میں نے بہت سے قصے سنے ہیں کہ جن انسان کو اٹھا کر لے گیا اور میں نے ایک قصہ پڑھا جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایک انصاری رضی اللہ عنہ عشاء کی نماز پڑھنے کے لئے گئے تو جن نے اٹھا لیا اور وہ کئی سال غائب رہے تو کیا یہ ممکن ہے یعنی جن کا انسان کو اٹھا کر لے جانا ؟

پسندیدہ جواب

یہ معاملہ امکانی اعتبار سے تو ممکن ہے لیکن بہت ہی نادر اور کم ہے ۔

شیخ عبداللہ ابن جبرین حفظہ اللہ نے سابقہ سوال کا جواب دیتے ہوئے فرمایا یہ ممکن ہے کہ اور مشہور ہے کہ سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے جب اس بل میں جس میں ان کا گھر تھا پیشاب کیا تو انھوں نے سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا اور کہنے لگے :

ہم نے خزرج کے سردار سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ اور ہم نے انھیں ایسا تیر مارا کہ وہ سیدھا ان کے دل پر لگا ۔

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں جنوں نے ایک شخص کو اٹھا لیا اور وہ چار سال تک ان کے پاس رہا پھر آیا تو اس نے بتایا کہ اسے مشرک جن اٹھا کر لے گئے تھے تو وہ ان کے پاس قیدی بنا رہا مسلمان جنوں نے ان پر حملہ کیا اور انھیں شکست دینے کے بعد اسے اس کے اہل وعیال کی طرف واپس لوٹایا ۔ یہ قصہ منار السبیل وغیرہ میں ذکر کیا گیا ۔

(دیکھیں منار السبیل 2/88-اور اس آدمی کا قصہ جسے اٹھا لیا گیا تھا بیھقی نے (7/445–446) اور اس کو شیخ البانی نے ارواء میں (150/6) حدیث نمبر (1709) صحیح کہا ہے ۔ .